# PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT OF KHYBER PAKHTUNKHWA

No. PA/Khyber Pakhtunkhwa/L-II (Q) /2025/ 137
Dated Peshawar, the 02/01/2025.

**MOST IMMEDIATE**
**ASSEMBLY BUSINESS**
**PH # 091-9210489 Ext: (1216)**

To,

All the Administrative Secretaries,
Government of Khyber Pakhtunkhwa.

Subject: - **ALLOTMENT OF DAYS FOR ANSWERING QUESTIONS FOR 5TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to refer to the subject cited above and to inform you that under rule 37 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, Mr. Speaker has been pleased to allot days to various Administrative Departments in order of rotation for answering questions in the Provincial Assembly Session as at Annexure-I.

**2.** Questions in 74th,75th, 76th ,77th ,78th ,79th ,80th ,81st ,82nd ,83rd and 84th groups as at Annexure-II will be taken-up on 13th ,14th,15th ,16th ,17th ,20th ,21st ,22nd , 23rd ,24th and 27th January, 2025, respectively, for the 5th Session of the Assembly. Moreover, replies to the questions, if already not sent, shall be sent at least two clear days before the day fixed for their replies.

**3.** In case of non receipt of reply to a question, blank question will be placed on the list of business, and in that case, any inconvenience caused to the Minister, the Department will be responsible.

**Note: -** **Allotment of days along-with list of questions can also be downloaded from the official website of the Provincial Assembly on the given link:- www.pakp.gov.pk**

Yours faithfully,

**(SARMAD ULLAH KHAN AFRIDI)**
**ASSISTANT SECRETARY-XI**

E. No. PA/Khyber Pakhtunkhwa/L-II (Q) /2025/ 138 Dated 02 /01/2025.

Copy of the above is forwarded for information & necessary action to:-

1. All the Provincial Ministers, Khyber Pakhtunkhwa.
2. All the Advisors to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
3. All the Special Assistants to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
4. All the Honorable Members of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
5. The Principal Secretary to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
6. The Principal Secretary to Governor, Khyber Pakhtunkhwa.
7. All the Additional Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
8. The Additional Director IT, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
9. All the Deputy Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
10. All the Assistant Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
11. The Senior Private Secretary to Mr. Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Speaker.
12. The Private Secretary to Chief Secretary, Khyber Pakhtunkhwa for information of the Chief Secretary.
13. The Assistant Director Coordination & Protocol, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
14. The Private Secretary to Deputy Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Deputy Speaker.
15. The P.A to Special Secretary, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Special Secretary.

**ASSISTANT SECRETARY-XI**

**ANNEXURE-I**

## ALLOTMENT OF DAYS FOR THE 5TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

| Group No. | Date of Sitting | Name of Departments |
|---|---|---|
| 74th | Monday 13th January, 2025 | • Minerals Development<br>• Revenue & Estate<br>• Climate change, Forestry, Environment and wildlife<br>• Excise, Taxation & Narcotics Control<br>• Industries, Commerce & Technical Education |
| 75th | Tuesday 14th January, 2025 | • Relief, Rehabilitation & Settlement<br>• Finance<br>• Irrigation<br>• Zakat, Ushr, Social Welfare & Women Empowerment<br>• Administration |
| 76th | Wednesday 15th January, 2025 | • Energy & Power<br>• Higher Education, Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education<br>• Inter Provincial Coordination |
| 77th | Thursday 16th January, 2025 | • Agriculture<br>• Communication & Works<br>• Law, Parlimentary Afairs & Human Rights<br>• Local Government, Elections & Rural Development<br>• Public Health Engineering |
| 78th | Friday 17th January, 2025 | • Population Welfare<br>• Planning & Development<br>• Health<br>• Sports & Youth Affairs<br>• Home & Tribal Affairs |
| 79th | Monday 20th January, 2025 | • Labour<br>• Minerals Development<br>• Revenue & Estate<br>• Excise, Taxation & Narcotics Control<br>• Industries, Commerce & Technical Education<br>• Climate change, Forestry, Environment and wildlife |
| 80th | Tuesday 21st January, 2025 | • Relief, Rehabilitation & Settlement<br>• Finance<br>• Administration<br>• Irrigation<br>• Zakat, Ushr, Social Welfare & Women Empowerment |
| 81st | Wednesday 22nd January, 2025 | • Food<br>• Energy & Power<br>• Higher Education, Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education |
| 82nd | Thursday 23rd January, 2025 | • Communication & Works<br>• Local Government, Elections & Rural Development<br>• Public Health Engineering |
| 83rd | Friday 24th January, 2025 | • Health<br>• Establishment<br>• Culture, Tourism, Archaeology & Museum<br>• Home & Tribal Affairs |
| 84th | Monday 27th January, 2025 | • Minerals Development<br>• Excise, Taxation & Narcotics Control<br>• Climate change, Forestry, Environment and wildlife |

**ANNEXURE-II**

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 74واں گروپ

## نشان زدہ سوالات(Starred Questions)

جو کہ 13 جنوری 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 11:14 AM - Mon
سوال نمبر**Question # 300**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2024 - Tue
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر صنعت و حرفت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ تجارت نے گزشتہ پانچ سالوں میں مستحق اور بے روزگار عوام کو تجارت اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے حوالے سے کیا اقدامات اٹھائے ہیں؟

(ب) کیا کم وسائل والے بے روزگار نوجوانوں اور خواتین کو اپنا کاروبار شروع کروانے اور اُن کو خود کفیل بنانے کے حوالے سے کوئی منصوبہ موجود ہے؟ اگر ہاں ہو تو مذکورہ منصوبے کی تفصیل بمعہ لاگت، دورانیہ کی تفصیل اور اس سے ماضی میں مستفید افراد کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 11, 2024 -- 11:11 AM – Tue
سوال نمبر**Question # 274**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2024 - Tue
جناب ارباب زرک خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ماحولیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2018 تا 2023 کی اے ڈی پیز میں حلقہ پی کے۔80 کے لئے کتنا فنڈ مختص کیا گیا تھا؟ کتنا جاری ہوا تھا اور کتنا خرچ ہوا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو خرچ شدہ فنڈز کن کن سکیموں پر کہاں کہاں خرچ کیا گیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 03, 2024 -- 10:52 AM - Wed
**Question # 327** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 22, 2024 - Mon
**Mr Ahmad Kundi, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for Climate change, Forestry state that:
(a) It is true that the department enacted laws / acts from time to time related to the department / attached departments and subordinate bodies & authorities?
(b) Whether the latest copies of each of the enacted Acts are available on the official website of the department / subordinate department? If so the details there of, if not the reasons thereof:
(c) is it the fact that the department or its subordinate departments who were required to frame the rules under the enacted Acts. Despite the passage of years they have not been framed such rules? If so the reasons there of:
(d) What steps are being taken to make laws in line with the above Acts at an earliest?

**Notice Date :** Jul 09, 2024 -- 02:30 PM - Tue
سوال نمبر**Question # 333**
**Sent to Dept Date:** Jul 22, 2024 - Mon
جناب داؤد شاہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر مال از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کوہاٹ بمقام جرما میں سرکاری زمین کو لوکل افراد میں تقسیم کی گئی تھی؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ سال 18-2017 کے کابینہ میں فیصلہ کیا گیا تھا کہ مذکورہ سرکاری زمین کے متعلق قانون سازی کی جائے گی تاکہ لوگوں کو زمین کے مالکانہ حقوق دیئے جاسکیں؟۔

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ جناب پرویز خٹک صاحب کے دور میں کوہاٹ کے مختلف علاقوں میں سرکاری زمین لوکل افراد کو جرما کے طرز پر تقسیم کرنے کے اعلانات کیے گئے جیسے کہ (شاپور، چکر کوٹ، چمبئی، توغ، گنڈیالی وغیرہ)

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو آیا حکومت ضلع کوہاٹ جرما اور دیگر علاقوں میں حکومتی اعلانات کے ضمن میں قانون سازی کرنے کو تیار ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 30, 2024 -- 05:32 PM - Tue
**Question # 382سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرآبکاری ومحاصل اوانسدادمنشیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ محکمہ ایکسائیزنے غیرقانونی گاڑیاں ضبط کی ہیں ؟اور وہ گاڑیاں محکمہ نے اپنے افسران کواستعمال کرنے کے لیے دی ہیں ؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو:۔

(i) محکمہ نے کتنی غیرقانونی گاڑیاں ضبط کی ہیں ؟گاڑی نمبر کے ساتھ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) کس قانون کے تحت اور کون کون سی گاڑی کس کس افسر کے پاس زیراستعمال ہیں ؟بمعہ دستاویزات تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 30, 2024 -- 05:33 PM - Tue
**Question # 366سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرآبکاری ومحاصل وانسدادمنشیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ محکمہ ایکسائیزدیگر محکموں کے افسران کوبھی گاڑیاں دیتاہے ؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو:۔

(i) کس قانون کے تحت دوسرے محکموں کے افسران کوگاڑیاں دی جاتی ہیں ؟

(ii) دیگر محکموں کے جس جس افسر کوگاڑی Allot ہوئی ہے،ان سب افسران کے نام بمعہ Allotment letter اور جسکے کہنے پر ہوئی ہے ان سب کے نام تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 30, 2024 -- 05:34 PM - Tue
**Question # 367سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرآبکاری ومحاصل وانسدادمنشیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ صوبے میں عوام آمدروفت کے لیے بہت سے ذرائع استعمال کرتے ہیں جس میں چھوٹی اور بڑی گاڑیاں اور موٹر سائیکل شامل ہے ؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو صوبے میں اور بالخصوص پشاور اور دیگراضلاع میں 2018 سے اب تک کتنی تعدادمیں کون کون سی گاڑیاں محکمہ نے رجسٹرڈ کی ہیں ؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 01, 2024 -- 11:31 AM - Thu
**Question # 374سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرمال ازراہ کرم اشادفرمائیں گے کہ

(الف)تحصیل بنکٹھ رنولیہ کوتحصیل کادرجہ کب دیاگیا؟

(ب)مذکورہ تحصیل میں انتظامیہ کے دفاترکاکام تاحال کیوں عمل میں نہیں لایاگیاہے۔وجوہات بیان کیے جائیں۔

(ج)اگرتحصیل ہذامیں انتظامیہ کی دفاتر موجودہیں توان میں فعال اور غیرفعال دفاتر کی تعدادبتائی جائے۔

**Notice Date :** Aug 01, 2024 -- 11:33 AM - Thu
**Question # 394سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرٹیکنیکل ایجوکیشن ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)ضلع کوہستان تحصیل پٹن میں محکمہ ہذاکی زیرنگرانی کتنے سنٹرز موجودہیں اور کتنے Tevta کے ماتحت کام کررہے ہیں ؟

(ب)مذکورہ سنٹرزکہاں کہاں پرکام کررہے ہیں اور ان سنٹرزمیں کتناسٹاف ہے اور کہاں کہاں تعینات ہے اور کون کونسی پوسٹ پرڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں ؟

(ج)نیز محکمہ ہذاکی زیرنگرانی لوئرکوہستان خصوصاً پٹن میں فعال اور غیرفعال دفاتر / سنٹرزکی تفصیل بمعہ غیرفعال دفاتر / سنٹرزکی وجوہات اور یہ کب تک فعال ہوں گے ؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 05, 2024 -- 04:01 PM - Mon
**Question # 386 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صنعت و حرفت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت کا سابقہ سرحد ڈویلپمنٹ اتھارٹی (SDA) کے نام تقریبا 25 ہزار کنال ملکیتی رقبہ موضع درابن کلاں، تحصیل درابن، ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں موجود ہے ؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ صوبائی حکومت نے یہ رقبہ سال 2017 سے خیبر پختون خوا اکنامک زون ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمیٹی ( KP EZDMC) کے حوالے کر کے درابن کلاں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں اکنامک زون قائم کرنے کیلئے مختص کر رکھا ہے اور ساتھ ساتھ قبضہ اراضی بھی (KP EZDMC) کے حوالے کیا ہے ؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سال 2017 سے لے کر اب تک درابن کلاں ڈیرہ اسماعیل خان میں اکنامک زون کے حوالے سے ہونے والی پیش رفت تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 06, 2024 -- 03:34 PM - Tue
**Question # 408 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 29, 2024 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر معدنیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا میں فیس سٹرکچر وریگولیشن کے لئے MIFA (منرلز انوسٹمنٹ فسیلیٹیشن اتھارٹی) کا قیام عمل میں لایا گیا ہے ؟

(ب) اگر (الف) کو جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) MIFA کے ممبران کی تعداد اور عہدے کیا ہے ؟ جبکہ اس سے پہلے MIFA کے ممبران کی تعداد اور عہدے کیا تھا ؟

(ii) اگر منرلز ایکٹ 2017 اور موجودہ منرلز ایکٹ کے MIFA کے ڈھانچے میں فرق ہے تو عوامی نمائندوں بشمول لیز ہولڈرز کی نمائندوں کو کیوں نکالا گیا ہے ؟

**Notice Date :** Aug 06, 2024 -- 03:35 PM - Tue
**Question # 409 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 29, 2024 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر معدنیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 600 چالو لیزوں کے ساتھ رائلٹی، آکشن وفیسوں سمیت محکمہ ہذا کی سالانہ ریونیو تقریباً 07 ارب روپے ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) محکمہ اگر ان بند 3200 لیزوں کے شروع کرنے کے لئے اقدامات اٹھائے تو صوبے کے سالانہ ریونیو میں کتنا اضافہ ممکن ہو گا ؟ نیز ان 3200 لیزوں کو شروع کرنے سے تقریباً کتنے لوگوں کو روزگار مل سکتا ہے ؟

(ii) کیا محکمہ ہذا ایسی بند لیزوں پر بھی سالانہ ایڈوانس اینول رینٹ لینے کا پابند ہے ؟

(iii) اور یہ کہ ایڈوانس اینول رینٹ لیٹ ہونے پر ماہانہ کتنا جرمانہ وصول کرتے ہیں ؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 07, 2024 -- 03:32 PM - Wed
**Question # 404 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 13, 2024 - Tue
**Mr Arbab Muhammad Usman Khan, Member Provincial Assembly**

Will the minister for Excise and Taxation states that:
(a) Are all vehicles on Khyber Pakhtunkhwa's roads duly registered with the department?
(b) If the answer is in affirmative then, explain why not?
(c) What is being done to ensure that vehicles are registered with the department and that the transfer is duly registered when there are transfers vehicles?
(d) What are mechanisms in place to assess penalties if vehicles have not been,1.Registered,transferred or being driven by other than the owner of their authorized person? Is there any process in place to check that?
(e) How many KP residents have registered their vehicles with the Islamabad registration authority? If the department doesn't have the data, please collect and provide it.
(f)Why are KP residents allowed to register vehicles in Islamabad?

**Notice Date :** Aug 07, 2024 -- 03:33 PM - Wed
**Question # 405 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 13, 2024 - Tue
**Mr Arbab Muhammad Usman Khan, Member Provincial Assembly**

Will the minister for Excise and Taxation states that:

(a) Can the department provide information for the annual tax collected in KP and in Peshawar, separately?

(b)What are the categories for assessing tax , and how are they defined, such as category A,B,C?

(c) What is the total expected annual tax amount and how much is being collected? If any variance in the two figures, what is the reasons for that?

**Notice Date :** Aug 12, 2024 -- 04:08 PM - Mon
**Question # 416سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Sep 06, 2024 - Fri
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرآبکاری ومحاصل ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درُست ہے کہ محکمہ ہذاسرکاری ملازمین کوسرکاری گاڑیاں فراہم کرتاہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہو:۔

(i)توسال2022سے تاحال کن کن محکموں کے ملازمین نے اپنے محکمہ کی توسط سے گاڑیاں حاصل کیں ہیں؟

(ii)ان کی مکمل تفصیل بمعہ نام، عہدہ، محکمہ، تاریخ درخواست اور تاریخ فراہمی فراہم کیں جائیں۔ نیز جو waiting list پر ہیں ان کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 75واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 14 جنوری 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:38 AM - Mon
**Question # 252** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 - Tue
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2018 تا 2023 کی اے ڈی پیز میں حلقہ PK-95 کے لئے کتنا فنڈز مختص کیا گیا تھا؟ اس میں کتنا جاری اور کتنا خرچ ہوا تھا؟

(ب) خرچ شدہ فنڈز کہاں کہاں اور کن کن سکیموں پر خرچ کیا گیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:40 AM – Mon
**Question # 253** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 - Tue
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2018 تا 2023 کی اے ڈی پیز میں حلقہ PK-95 کے لئے کتنا فنڈز مختص کیا گیا تھا؟ اس میں کتنا جاری اور کتنا خرچ ہوا تھا؟

(ب) خرچ شدہ فنڈز کہاں کہاں اور کن کن سکیموں پر خرچ کیا گیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:56 AM - Mon
**Question # 204** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 13, 2024 - Thu
**Mr Mushtaq Ahmad Ghani, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for Administration states that:

(a) Is it true that the Administration department made Fuel expenditures in the Care taker Government from January 2023 to 27th February, 2024?

(b) if yes, then provide details of the fuel expenditure in the following manner.

i. S.No
ii. Number of Liters
iii. Type of Fuel (Petrol or Diesel)
iv. Name of Minister / Officer / Official or Pool of the concern
v. Total Expenditure of fuel
vi. Approval of the Competent Authority.

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:58 AM - Mon
**Question # 206** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 13, 2024 - Thu
**Mr Mushtaq Ahmad Ghani, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for Administration states that:

(a) Is it true that procurement have been made in the caretaker government from January , 2023 to 27th February, 2024?

(b) If yes please provide all the procurements detail in Administration department in the following manner.

i. S No.
ii. Department
iii. District wise procuring entity.
iv. Nature of procurement ( works/ services/ etc)
v. Detail and quantity of items procured
vi. Worth / cost of the procurement
vii. Source of funding ( ADP/ regular budget / own source accounts/ foreign funded projects / etc

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:07 AM - Mon
**Question # 296** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2024 - Tue
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر امداد، بحالی و آبادکاری ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 28 اگست 2023 کو عبدالرزاق ولد گل شہباز خان سکنہ جانی خیل ضلع بنوں کی شہادت کا سپیشل کمپنسیشن پیکج کا کیس بنا کر 25 لاکھ روپے پی ڈی ایم اے / صوبائی حکومت کو منظوری کے لئے بھجوا گیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اب تک اس پر محکمہ ہذا کی جانب سے کیا کارروائی عمل لائی گی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:10 AM - Mon
**Question # 224سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر انتظامیہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ کوہاٹ روڈ پر سول کواٹرز کے ساتھ محکمہ کی زیر نگرانی دوکانیں موجود ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ دوکانیں انتہائی کم کرایہ پر من پسند لوگوں کو دی گئی ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو: ۔

(i) سول کواٹرز کے ساتھ روڈ پر کتنی دوکانیں ہیں اور فی دوکان کرایہ کتنا ہے؟

(ii) مذکورہ دوکانیں کس کس کو کرایہ پر دی گئی ہیں؟ کرایہ دار کا نام، مکمل پتہ اور ایگریمنٹ کی کاپیاں فراہم کی جائیں

(iii) گزشتہ پانچ سالوں میں مذکورہ دوکانوں سے جمع کیا گیا کرایہ کی سال وائز تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:16 AM - Mon
**Question # 157سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت مختلف اداروں کو Grant in Aid کی شکل میں امداد فراہم کرتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبائی حکومت نے سال 14-2013 سے لیکر دسمبر 2023 تک گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان کو Grant in Aid کی مد میں کتنی رقم مہیا کی ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے.

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:22 AM - Mon
**Question # 164سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ چشمہ رائٹ بنک کنال ڈیرہ اسماعیل خان سے محکمہ واپڈا اور محکمہ آبپاشی کے ذریعے ضلع کی ذیلی نہروں کو کتنے کیوسک پانی فراہم کرتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو چشمہ رائٹ بنک کینال سے ضلع کی جن ذیلی نہروں کو باقاعدہ پانی کی نکاسی کی جاتی ہے اوران نہروں کے نام اور پانی کی مقدار کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:32 AM - Mon
**Question # 168سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ارسا معاہدے (IRSA Accord) کے مطابق صوبہ خیبر پختونخوا کو پانی کا کتنا فیصد حصہ دیا جاتا ہے؟

(ب) متعلقہ پانی کو صوبے کے کن کن اضلاع میں استعمال کیا جاتا ہے نیز غیر استعمال شدہ پانی کونسا صوبہ اور کتنا استعمال کرتا ہے تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:38 AM - Mon
**Question # 171سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر امداد، بحالی وآبادکاری ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مورخہ 24 مارچ 2018 کو ڈیرہ اسمعیل خان بمقام سکندر جنوبی تحصیل پُروا میں بم دھماکہ ہوا تھا؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ بم دھماکے میں کتنے افراد زخمی / شہید ہوئے تھے اور مذکورہ متاثرہ لوگوں کیلئے حکومت کی طرف سے اب تک کیا اقدامات اٹھائیں گئے ہیں مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:41 AM - Mon
**سوال نمبرQuestion # 197**
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرانتظامیہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ پشاور میں صوبائی حکومت کے زیرنگرانی مختلف علاقوں میں سرکاری ملازمین کے لئے سرکاری کالونیاں موجود ہیں؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ دراصل یہ تمام سرکاری رہائش گاہیں صرف ان غیر مقامی ملازمین کو الاٹ کی جاتی ہیں جن کے اپنے یا بیوی بچوں کا پشاور میں کوئی ذاتی گھر نہ ہو؟

(ج)آیایہ بھی درست ہے کہ جن آفسران اور ملازمین کو یہ سرکاری گھر الاٹ ہوتے ہیں ان سے اس سلسلے میں اسٹامپ پیپر پر باقاعدہ حلفیہ بیان لیا جاتا ہے؟

(د)اگر (الف)تا(ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو کیا محکمہ انتظامیہ اور اسٹیٹ آفس کے پاس اس رسمی حلف نامہ کے علاوہ بھی کوئی ایسا میکنیزم موجود ہے جس سے یہ پتہ چلے کہ کسی آفیسر اور ملازم کا ذاتی گھر ہے یا نہیں؟01/01/2011 سے لے کر تاحال اس بناء پر جتنے سرکاری آفسران اور ملازمین سے سرکاری گھروں کی الاٹمنٹ کینسل کر کے گھر خالی کئے گئے ہیں ان کی مکمل فہرست فراہم کریں۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:46 AM - Mon
**سوال نمبرQuestion # 179**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرآبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا چشمہ رائٹ بینک لفٹ کینال منصوبے سے زرعی لحاظ سے خود کفیل ہو سکتا ہے؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ یہ صوبے کی معیشت کیلئے نہایت اہم منصوبہ ہے؟

(ج)آیایہ بھی درست ہے کہ سابقہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے اس اہم منصوبے کی فزیبلٹی اور پی سی ون کو حتمی شکل دینے کے احکامات جاری کئے تھے

(د)اگر (الف)تو(ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i)مذکورہ منصوبے کی فزیبلیٹی رپورٹ فراہم کی جائے؟

(ii)منصوبے سے جنوبی اضلاع کی کتنی زمین سیراب ہوگی؟

(iii)منصوبے کا ماسٹر پلان،پی سی ون اور مدت تکمیل کی تفصیلات بھی فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 11:02 AM - Mon
**سوال نمبرQuestion # 219**
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرانتظامیہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ محکمہ سرکاری ملازمین کو سرکاری رہائش گاہیں الاٹ کرنے کیلئے مختلف سکیلز کے ملازمین کیلئے علیحدہ علیحدہ ویٹنگ لسٹیں مرتب کرتا ہے؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ محکمہ نے یہ سنیارٹی لسٹیں اپنی ویب سائٹ پر بھی اپلوڈ کرنا ہوتی ہیں؟

(ج)آیایہ بھی درست ہے کہ سال 2019 کے بعد نئی سنیارٹی لسٹ ویب سائٹ پر اپلوڈ نہیں کی؟

(د)آیایہ بھی درست ہے کہ محکمہ نے تاحال سنیارٹی لسٹ کو اپڈیٹ نہیں کیا؟اور اس سنیارٹی لسٹ میں ان ملازمین کے نام بھی شامل ہیں جو فوت ہو چکے ہیں،ریٹائرڈ ہو چکے ہیں یا ان کو سرکاری رہائش گاہ الاٹ ہو چکی ہیں؟

(ہ) اگر (الف)تا(د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) مذکورہ اپڈیٹ لسٹ کب ویب سائٹ پر اپلوڈ کی جائے گی اور سال 2019 کے بعد نئی لسٹ اپلوڈ نہ کرنے والوں کے خلاف کیا تادیبی کاروائی کی جائے گی؟

(ii)ہر لحاظ سے مکمل سرکاری ملازمین کی رہائش گاہوں کی ویٹنگ لسٹ کی کاپیاں فراہم کی جائیں

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 11:04 AM - Mon
**Question # 213سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 13, 2024 - Thu
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ M.Phil الاؤنس کیلئے مختلف محکماجات کے سینکڑوں ملازمین کی طرف سے درخواستیں محکمہ خزانہ کو موصول ہوئی ہیں ؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ من پسند مخصوص لوگوں کو یہ الاونس دیا گیااور میرٹ سے ہٹ کر فیصلے کئے گئے ہیں ؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو محکمہ کے پاس کتنے کیس M.Phil الاونس کے لیے پینڈنگ ہیں اور کتنے ہو چکے ہیں کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 23, 2024 -- 11:06 AM - Fri
**Question # 451سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Oct 28, 2024 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر سوشل ویلفیئر ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ حکومت نے رمضان پیکج کے تحت حلقہ وائز ایک کروڑ اور فی کس 10 ہزار روپے دینے کا اعلان کیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اب تک کتنی رقم مستحقین کو ادا کی گئی اور کس طریقہ کار کے تحت ادا کی گئی ؟ آیا مذکورہ رقم منتخب نمائندوں ایم پی ایز کے ذریعے تقسیم کی گئی ہے یا نہیں ؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 76واں گروپ

## نشان زدہ سوالات(Starred Questions)

جو کہ 15 جنوری 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:36 AM - Mon
**سوال نمبرQuestion # 257**
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 - Tue
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2018 تا 2023 کی اے ڈی پیز میں حلقہ PK-95 کے لئے کتنا فنڈز مختص کیا گیا تھا؟ اس میں کتنا جاری اور کتنا خرچ ہوا تھا؟

(ب) خرچ شدہ فنڈز کہاں کہاں اور کن کن سکیموں پر خرچ کیا گیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:47 AM - Mon
**سوال نمبرQuestion # 148**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سرکاری سکولوں کی مرمت اور رنگ وروغن پر حکومت سالانہ خطیر رقم خرچ کرتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) پرائمری، مڈل، ہائی اور ہائر سیکنڈری سکولوں پر کس حساب سے رقم خرچ کی جاتی ہے؟ نیز رقم خرچ کرنے کا طریقہ کار کیا ہے؟

(ii) اگر رقم کسی کمیٹی کے ذریعے خرچ کی جاتی ہے تو کمیٹی کن کن ممبران پر مشتمل ہوتی ہے مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:13 AM - Mon
**سوال نمبرQuestion # 183**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم از راہ ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان میں وقتاً فوقتاً بھرتیاں ہوئی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 14-2013 سے لیکر مارچ 2023 تک گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان میں جتنی بھرتیاں ہوئی ہیں ،ان کی تفصیل گریڈ وائز بمعہ شناختی کارڈز کے مہیا کی جائے؟

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:14 AM - Mon
**سوال نمبرQuestion # 184**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف کالجز و یونیورسٹیز میں تعمیراتی و ترقیاتی کام ہوتے رہے ہیں؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2013-14 سے لیکر دسمبر 2023 تک گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان میں جتنے تعمیراتی و ترقیاتی کام ہوئے ہیں ان کی تعمیر لاگت، پی سی ون اور ٹھیکدار و فرمز کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:30 AM – Mon
**سوال نمبرQuestion # 192**
**Sent to Dept Date:** Jun 13, 2024 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام 21-2020 میں نئے گورنمنٹ ڈگری کالجز کے قیام کیلئے فزیبلٹی سٹڈی کا منصوبہ شامل کیا گیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمہ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے کن کن حلقوں میں گورنمنٹ ڈگری کالجز قائم کرنا چاہتا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:37 AM - Mon
**Question # 194**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان کے بیشتر ملازمین کے پنشن کیسز التواء میں پڑے ہوئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) گومل یونیورسٹی ہر سال پنشن کی مد میں کتنی رقم خرچ کرتی ہے؟

(ii) اب تک پنشن کی مد میں کتنے ملازمین کے کیسز زیر التواء ہیں۔

(iii) پنشن کی مد میں زیر التواء کیسز کے ملازمین کے نام اور ان کے بقایاجات کی تفصیلات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:49 AM - Mon
**Question # 177**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بین الصوبائی رابطہ ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ آئین کے تحت مشترکہ مفادات کونسل کے ہر سال متعین شدہ وقت میں اجلاس منعقد ہوتے ہیں؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ وزیراعظم کسی صوبے کی درخواست پر مشترکہ مفادات کونسل کا اجلاس ہنگامی بنیادوں پر بھی بلاسکتا ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) سال 2018، 2019 اور 2020 میں مشترکہ مفادات کونسل کے متعین شدہ وقت میں کتنے اجلاس منعقد ہوئے ہیں سالانہ تفصیل فراہم کی جائے

(ii) سال 2018 سے 2020 تک صوبے کی درخواست پر کتنے اجلاس بلائے گئے ہیں سالانہ تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) مذکورہ تمام منعقد شدہ اجلاسوں میں کون سے فیصلے کئے گئے ہیں ہر ایک اجلاس کا ایجنڈا اور اس کی روداد فراہم کی جائے

(iv) اب تک ان منعقد شدہ اجلاسوں میں کئے گئے فیصلوں پر کتنا عملدرآمد ہوا ہے اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:50 AM - Mon
**Question # 176**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر توانائی و برقیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) صوبائی حکومت نے سالانہ ترقیاتی پروگرام 19-2018 سے لیکر 23-2022 تک توانائی و برقیات کے شعبے میں نئے اور جاری منصوبوں کیلئے رقوم مختص کی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ مالی سالوں کے دوران پہلے سے جاری پروگرام کے تحت ان منصوبوں کیلئے اور ضلع میں شامل نئے منصوبوں کیلئے جاری شدہ فنڈز میں سے اے ڈی پی وار کتنی رقوم فراہم کی گئی ہیں؟ جاری شدہ رقوم کی تفصیل ضلع وار فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:52 AM - Mon
**Question # 174**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر توانائی و برقیات ازراہ کرم ارشادفرمائینگے کہ

(الف) اس وقت صوبے میں پن بجلی کے ضلع وار کل کتنے منصوبے قائم ہیں،

(ب) مذکورہ منصوبوں کی پیداواری استعداد کار کیا ہیں اور ان منصوبوں میں کتنے نیشنل گریڈ سٹیشن کیساتھ منسلک ہیں اور کتنے منصوبوں کا کنٹرول محکمہ ہذا کے پاس ہیں؟

(ج) آیا بجلی بحران پر قابو پانے کیلئے صوبے میں بجلی کے نئے منصوبے شروع کرنے کی کوئی تجویز صوبائی حکومت کے زیر غور ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 11:01 AM - Mon
**Question # 287سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2024 - Tue
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع اپر دیر میں بچیوں کیلئے سکول قائم کئے گئے ہیں؟

(ب)اگر (الف)کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) مذکورہ ضلع میں کل کتنے گرلز پرائمری، سیکنڈری اور ہائیر سیکنڈری سکولز موجود ہیں؟

(ii) ہر سکول میں کتنی طالبات تعلیم حاصل کر رہی ہیں نیز معلمات کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

(iii) مذکورہ ضلع میں طالبات کے حساب سے مذید کتنے سکولوں کی ضرورت ہے اور یہ ضرورت کب تک پوری کی جائے گی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 11:06 AM - Mon
**Question # 221سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کی زیر نگرانی ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فاؤنڈیشن کا قیام عمل میں لایا گیا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ فاؤنڈیشن کے ہیڈ آفس میں مختلف محکمہ جات سے ملازمین کو ڈپوٹیشن پر تعینات کیا گیا ہے؟

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو۔

(i) مذکورہ فاؤنڈیشن کا قیام کب عمل میں لایا گیا ہے؟

(ii) مذکورہ فاؤنڈیشن کے ہیڈ آفس پشاور میں کتنے ملازمین ہیں؟ سکیل وائز بمعہ نام وعہدہ تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) کتنے ملازمین دوسرے محکمہ جات سے ڈیپوٹیشن پر تعینات کیے گئے ہیں؟ سکیل وائز بمعہ نام وعہدہ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 11:07 AM - Mon
**Question # 220سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 14, 2024 - Sun
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فاؤنڈیشن خیبر پختونخواہ کے قیام کے بعد وفاقی پراجیکٹ سے بیسک ایجوکیشن کیمونٹی سکولز صوبے کے حوالے ہوئے ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اکثر چالو سکولوں کو پسند نہ پسند اور سیاسی بنیادوں پر بند کیا گیا ہے؟

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) وفاقی پراجیکٹ سے مذکورہ فاؤنڈیشن کو کتنے سکول حوالے کیے گئے ہیں ضلع وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) کتنے چالو سکولوں کو بند کیا گیا ہے؟ ان کی بندش کی وجوہات بمعہ اسناد کے فراہم کی جائے؟

(iii) جس وقت سکول کو بند کیا گیا اس وقت سکول میں طلباء اور طالبات کی تعداد کتنی تھی؟ بچوں کی لسٹ اور حاضری رجسٹر کی کاپی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 11:08 AM - Mon
**Question # 222سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے مختلف اضلاع میں ضلعی دفاتر قائم ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلعی دفاتر میں مختلف سکولوں کے اساتذہ کیڈر کے ملازم کو ضلعی آفیسر تعینات کیا گیا ہے؟

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو تمام اضلاع کے ضلعی افسران کے نام، عہدہ اور تعیناتی کے وقت سکول میں پوسٹ کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 11:09 AM - Mon
**Question # 223سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فاونڈیشن کی چالیس (40)اساتذہ کی دسمبر 2021 سے جون 2024تک، سات سوستائیس(727)اساتذہ کی نومبر 2023 سے جون 2024تک اور تین سوانچاس(349)اساتذہ کی جولائی 2021 سے جون 2024تک تنخواہ کی مد میں بقایاجات ہیں؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i)مذکورہ اساتذہ جن کی تنخواہیں عرصہ دراز سے بند ہیں ان کے نام بمعہ سکول وپتہ کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

(ii)نیز ان اساتذہ کو مذکورہ بقایاجات کب تک ادا کیے جائیں گے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 11:19 AM - Mon
**Question # 228سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ حلقہ پی کے 32 میں ایک بھی گورنمنٹ گرلز ہائی سکول (GGHS) نہیں ہے؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ پورے ضلع میں ایک بھی (GGHS) گرلز ہائی سکول نہیں ہے؟

(ج)اگر(الف)و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو؛۔

(i)پورے ضلع میں ایک بھی (GGHS) گرلز ہائی سکول اب تک کیوں نہیں بنایا گیا ہے؟

(ii)اہل علاقہ کی غریب عوام کی خاطر کب تک گرلز ہائی سکول بنایا جائے گا اور اس پر کام کب سے شروع ہوگا؟

(iii)تاحال گرلز ہائی سکول نہ ہونے کی وجوہات بمعہ تفصیلات فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

**پانچویں اجلاس کا 77واں گروپ**

**نشان زدہ سوالات (Starred Questions)**

جو کہ 16 جنوری 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کیے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:40 AM - Mon
**Question # 196 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے جولائی 2018 سے دسمبر 2021 تک ڈی آئی خان میں سڑکیں تعمیر کی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ڈی آئی خان میں مذکورہ بالا عرصہ کے دوران کل کتنی کلو میٹر سڑکیں تعمیر کی گئی ہیں حلقہ وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 11, 2024 -- 11:26 AM - Tue
**Question # 211 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 13, 2024 - Thu
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت کی طرف سے ڈپٹی کمشنر کی زیر نگرانی پشاور کے ہر صوبائی حلقہ میں 1000 (ہزار) مستحق افراد میں 10000 (دس ہزار) روپے بطور رمضان پیکج دیا گیا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ڈپٹی کمشنر پشاور کے دفتر سے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق ہر ویلج کونسل / نیبر ہوڈ کونسل کی سطح پر ایک کمیٹی بنائی گئی جس میں ایک متعلقہ حلقے کا منتخب ممبر صوبائی اسمبلی کا فوکل پرسن بھی تھا؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) ویلج / نیبر ہوڈ کونسل پی کے 75 میں فوکل پرسنز کس کے کہنے پر نامزد کیے گئے ہیں تفصیل فراہم کی جائے

(ii) پی کے 75 میں کل کتنے افراد کو کتنی کتنی رقوم ادا کی گئی ہیں تمام افراد کے نام، ولدیت، شناختی کارڈ نمبر، پتہ، اکاونٹ نمبر اور ویلج کونسل سطح پر فوکل پرسن کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 03, 2024 -- 10:47 AM - Wed
**Question # 323 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 22, 2024 - Mon
**Mr Ahmad Kundi, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for Law state that:

(a) It is true that the department enacted laws/acts from time to time related to the department/attached departments and subordinate bodies & authorities?

(b) Whether the latest copies of each of the enacted Acts are available on the official website of the department / subordinate department? If so the details there of, if not the reasons there of:

(c) Is it the fact that the department or its subordinate departments who were required to frame the rules under the enacted Acts. Despite the passage of years they have not been framed such rules? If so the reasons there of :

(i) What steps are being taken to make laws in line with the above Acts at an earliest?

**Notice Date :** Jul 03, 2024 -- 10:58 AM - Wed
**Question # 331 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 22, 2024 - Mon
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اربن ایریا ڈیویلپمنٹ اتھارٹی (UADA) ڈیرہ اسماعیل خان کے پانچویں بورڈ کی میٹنگ کے ایجنڈا آئٹم نمبر 21 میں پلاٹوں کی نیلامی کی متفقہ طور پر منظوری دی گئی تھی؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ نیلام شدہ پلاٹوں کی رقم سے پراجیکٹ ڈائریکٹر، ڈیرہ ڈیویلپمنٹ اتھارٹی ڈیرہ اسماعیل خان کیلئے نئی گاڑی کی خریداری سمیت اُس کے دفتر کی تزئین و آرائش بھی کی گئی ہے؟

13

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ رقم سے نئی گاڑی کی خریداری اور دفتر کی تزئین و آرائش کے لئے رقم کی ادائیگیاں کس کے حکم پر کی گئی ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 30, 2024 -- 05:38 PM - Tue
سوال نمبر**Question # 370**
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیربلدیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ اے ڈی پی سال 2018 سے لیکر 2022 تک پشاور کی خوبصورتی کی مد میں کوئی رقم مختص کی گئی تھی ؟

(ب) اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو

(i)ذکورہ مد میں کل کتنی رقم مختص کی گئی تھی اس رقم سے پشاور کی خوبصورتی کیلئے کون کونسے منصوبے پایا تکمیل تک پہنچے ہیں اور کتنے باقی ہیں؟

(ii)مکمل شدہ منصوبوں میں کتنی بچت ہوئی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) مذکورہ مکمل شدہ ہرایک منصوبے کے پی سی ون،ٹینڈرز،ورک آرڈراور تحریری مصدقہ دستاویزات کی کاپیاں فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jul 30, 2024 -- 05:39 PM - Tue
سوال نمبر**Question # 375**
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیربلدیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ PDA نے پشاور میں ریگی ماڈل ٹاؤن کے نام سے ایک منصوبہ شروع کیا تھا؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ منصوبے کے پانچ زونز میں سے 3 زونزابھی تک نامکمل ہیں؟

(ج) آیایہ بھی درست ہے کہ PDA پچھلے 25 سالوں سے سرکاری ملازمین اور عام لوگوں سے فائل کی ٹرانسفر پر فیس لے رہی ہے ؟

(د)اگر(الف)تا(ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو PDA نے سال 2010 سے جون 2022 تک 3 نامکمل زونز میں فائل کی ٹرانسفر پر کتنی رقم وصول کی ہے۔سال وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 30, 2024 -- 05:40 PM - Tue
سوال نمبر**Question # 376**
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیربلدیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ پشاور کی ترقی کے لیے ایک ادارہ پی ڈی اے کے نام سے موجود ہے ؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ادارہ پشاور میں رہائشی سکیموں کے بنانے کا بھی ذمہ دار ہے ؟

(ج) آیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ادارے کے ملازمین کو مختلف ترقیاتی سکیموں میں رہائشی پلاٹس بھی ملتے ہیں؟

(د)اگر(الف)تا(ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) حیات آباد اور ریگی ماڈل ٹاؤن میں PDA کے ملازمین کو جتنے پلاٹس اب تک ملے ہیں ان ملازمین کے نام، پلاٹس کے سائز اور پلاٹس کی لوکیشن کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

(ii) مذکورہ پلاٹس کی منتقلی پر ملازمین سے کتنی ادائیگیاں وصول کی گئی تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jul 30, 2024 -- 05:41 PM - Tue
سوال نمبر**Question # 377**
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
**جناب عبدالغنی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیربلدیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) دسمبر 2012 تک پی ڈی اے میں کل کتنے ملازمین تھے ؟

(ب) جنوری 2013 سے لے کر اب تک کل کتنے ملازمین بھرتی ہوئے ہیں ؟

(ج) مذکورہ ملازمین کے نام، سکیل،اور تنخواہ کے علاوہ کون سی مراعات لیتے ہیں۔ بمعہ افسران صاحبان کے مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

(د) پی ڈی اے میں گریڈ 17 کے جن افسران کے پاس سرکاری گاڑیاں ہیں۔ان کی بھی لسٹ فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 30, 2024 -- 05:42 PM - Tue
**Question # 379سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) پی ڈی اے کے زیر ملکیت پشاور میں کل کتنے پلازے ہیں؟

(ب) ہر پلازے میں کتنے فلور ہیں اور ہر فلور میں کل کتنی دوکانیں ہیں؟

(ج) ہر دوکان کا کرایہ، دوکان دار کا نام، پتہ اور اس دوکان میں کیا کاروبار کر رہا ہیں تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Jul 30, 2024 -- 05:43 PM - Tue
**Question # 380سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) پی ڈی اے کے زیر ملکیت کل کتنے رہائشی مکانات ہیں؟

(ب) مذکورہ گھروں کو کس کس کے نام پر آلاٹ کیا گیا ہے؟ آلاٹی کا نام، شناختی کارڈ کی کاپی اور پتہ اور ہر گھر کا کرایہ کتنا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) مذکورہ آلاٹ شدہ گھر کتنے کتنے مرلوں پر مشتمل ہیں۔

(د) پی ڈی اے کے گریڈ 17 سے اوپر کے آفسران کے پاس جو گھر ہیں وہ کتنے کتنے مرلوں کے ہیں اور ان سے کتنا کرایہ وصول کیا جاتا ہے تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jul 30, 2024 -- 05:44 PM - Tue
**Question # 381سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) پی ڈی اے میں کل کتنے ملازمین کام کر رہے ہیں؟ گریڈ 1 سے لیکر گریڈ 16 تک اور گریڈ 17 سے لیکر DG تک الگ الگ لسٹ بمعہ نام و پتہ فراہم کی جائے؟

**Notice Date :** Aug 01, 2024 -- 11:36 AM - Thu
**Question # 383سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر زراعت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کی طرف سے پورے علاقے کے لئے صرف ایک ہی ڈائریکٹر کی آسامی ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع کوہستان میں محکمہ زراعت کا کوئی بھی دفتر نہیں ہے؟ آیا بغیر دفاتر کے محکمہ زراعت کے سرکاری امور انجام دیئے جا سکتے ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) ضلع کوہستان میں ایک ڈائریکٹر کس طرح پورے ضلع کے امور چلا رہے ہیں؟

(ii) محکمہ زراعت ضلع کوہستان میں تمام ضروری دفتر کا قیام کب تک عمل میں لایا جائے گا اور ضروری سٹاف کی کمی کب تک پوری کی جائے گی؟

(iii) سال 2014 سے تا حال تمام (sanction posts) منظور شدہ آسامیوں میں سے خالی آسامیوں کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 02, 2024 -- 05:40 PM - Fri
**Question # 398سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2024 - Thu
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) 24-2023 کے سالانہ ترقیاتی منصوبہ میں محکمے کے لئے کل کتنی رقم مختص کی گئی تھی اور اس میں ہر ضلع اور تحصیل کے لیے کتنا کتنا فنڈز مختص تھا؟

(ب) مذکورہ فنڈز میں سے کتنی رقم جاری کی گئی اور کتنی رقم خرچ ہوئی اور کتنی لیپس ہوئی۔ ضلع وار اور تحصیل وار تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Aug 06, 2024 -- 03:36 PM - Tue
**Question # 399**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 13, 2024 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ڈیڈک ایکٹ کے مطابق خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں چیئرمینوں کا انتخاب کرناحکومت کی ذمہ داری ہے ؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں ڈیڈک چیئرمینوں کا انتخاب کرلیاگیاہے ؟

(ج)اگر(الف)و(ب) کا جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i)صوبے کے کتنے اضلاع میں ڈیڈک چیئرمینوں کا انتخاب عمل میں لایاجاچکاہے ؟۔

(ii) کتنے اضلاع میں مذکورہ ڈیڈک چیئرمینوں کا انتخاب تاحال عمل میں نہیں لایاگیاوجوہات بیان کی جائیں۔

Notice Date : Aug 16, 2024 -- 05:01 PM - Fri
**Question # 424**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 10, 2024 - Tue
**جناب گل ابراہیم خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر محکمہ آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ نے پچھلے پانچ سالوں میں دیر بالا میں کتنی رقم کن کن سکیموں کے لیے رکھی گئی تھی ؟ان میں سے کتنی سکیمیں مکمل ہیں اور کتنی جاری ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب)2010اور2022 کے سیلاب میں جو سکیمیں خراب ہوئیں اس میں ابھی تک کتنی مکمل ہو چکی ہیں نیز فعال اور غیر فعال سکیموں کی تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 78 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 17 جنوری 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:33 AM - Mon
**Question # 266** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 - Tue
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پی پی ایچ آئی ایک غیر سرکاری ادارہ ہے؟ لیکن اس کے باوجود صوبائی حکومت نے سال 2018 سے 2022 تک بجٹ میں اس کے لیے فنڈز مختص کرتی رہی ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ دیگر صوبوں نے اس ادارے پر پابندی لگائی ہوئی ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے اجوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) حکومت نے مذکورہ عرصہ کے دوران بجٹ میں کتنی رقم مختص کی تھی سال وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) مذکورہ ادارہ کس کی سرپرستی میں کام کر رہا ہے اس شخص / ادارے کا نام اور اگر کسی سیاسی پارٹی سے وابستگی ہے تو اس پارٹی کا نام بھی بتایا جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:43 AM - Mon
**Question # 263** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 - Tue
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے متعدد سرکاری ملازمین پی پی ایچ آئی میں تعینات تھے / ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) سال 2022 سے 2024 تک مذکورہ پراجیکٹ میں تعینات شدہ ملازمین کی تعداد اور ان کے عہدوں کی تفصیل فراہم کی جائے

(ii) مذکورہ سرکاری ملازمین کی تاحال پراجیکٹ میں موجودگی کی وجوہات بتائی جائیں۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:06 AM – Mon
**Question # 200** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 13, 2024 - Thu
**Mr Mushtaq Ahmad Ghani, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for Home states that:
(a) Is it true that procurement have been made in the Caretaker Government from January , 2023 to 27th February, 2024?
(b) If yes please provide all the procurement detail in Police department in the following manner.
i. S No.
ii. Procuring Entity along with the district
iii. Nature of procurement ( works/ services/ etc)
iv. Detail and quantity of items procured
v. Worth / cost of the procurement
vi. Source of funding ( ADP/ regular budget / own source accounts/ foreign funded projects / etc

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:17 AM - Mon
**Question # 158** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام 21-2020 کے لیے صوبے میں بنیادی مراکز صحت کی استعداد کار بڑھانے کیلئے منصوبہ شامل کیا گیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں کتنے بنیادی مراکز صحت ہیں؟ اور ان میں سے کن کن بنیادی مراکز صحت کی استعداد کار کو بڑھایا گیا ہے؟ تحصیل وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:20 AM - Mon
**Question # 166سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرصحت ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ:۔

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ڈیرہ اسماعیل خان میں ایک Care Hospital Child & Mother تعمیر کرنا چاہتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اب تک اس کی تعمیر کے حوالے سے کتنا ہوم ورک مکمل کیا گیا ہے نیز مذکورہ ہسپتال ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں کس جگہ پر تعمیر کیا جائے گا؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:23 AM - Mon
**Question # 163سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 12, 2024 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرکھیل ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) صوبہ خیبر پختونخوا میں سال 20-2019 اور 2021 کے کرکٹ سیزن میں کتنے فرسٹ کلاس میچز کھیلے گئے؟

(ب) صوبہ خیبر پختونخوا میں فرسٹ کلاس Grade-1 معیار کے کتنے میدان Stadiums موجود ہیں ضلع وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:29 AM - Mon
**Question # 189سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرمنصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مالی سال 19-2018، 20-2019 اور 21-2020 کے ترقیاتی پروگرام میں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کیلئے منصوبہ بندی کی گئی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) مالی سال 19-2018، 20-2019 اور 21-2020 کے ترقیاتی پروگرام میں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کیلئے کتنے نئے منصوبے شروع / منظور کئے گئے تھے؟

(ii) ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مالی سال 19-2018 اور 20-2019 کے دوران جاری ترقیاتی منصوبوں کی تفصیل، کام کی نوعیت اور مدت تکمیل کی تفصیل الگ الگ فراہم کی جائے۔

(iii) ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مالی سال 19-2018 اور 20-2019 میں جاری منصوبوں کا تخمینہ لاگت کتنا ہے اور ضلع کے کون کونسے حلقوں میں یہ منصوبے جاری ہیں تمام منصوبوں کی حلقہ وائز تفصیل فراہم کی جائے

(iv) مالی سال 21-2020 کے نئے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کیلئے جو نئے منصوبے شامل ہوئے ہیں ان کی حلقہ وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:56 AM - Mon
**Question # 271سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرداخلہ ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پولیس ایکٹ سال 2017 کی دفعہ نمبر 32 کے مطابق ان سروس گریجویٹ کانسٹیبلان / ہیڈ کانسٹیبل کی ASI فاسٹ ٹریک پروموشن بذریعہ پبلک سروس کمیشن کوٹہ 25 فیصد رکھی گئی تھی؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ پولیس ایکٹ 2017 کے بعد اس کو سال 2020 میں ترمیم کر کے 20 فیصد کر دیا گیا تھا؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ سال 2018 میں جنرل کوٹہ 25 فیصد کے تحت اے ایس آئی کی کل آسامیاں 420 مختص کی گئیں جبکہ پولیس ان سروس فاسٹ ٹریک پروموشن ASI اشتہار 05/2019 کے وقت 25 فیصد کوٹہ کے حساب سے 441 آسامیاں بنتی تھیں جس کو خود آئی جی صاحب نے پبلک سروس کمیشن کو مشتہر کرنے کیلئے تحریر بھی کیا تھا مگر اس کے باوجود 441 آسامیوں کے بجائے صرف 75 آسامیاں مشتہر ہوئیں جس سے پولیس اہلکاران کی حق تلفی ہوئی ہے؟

18 (د) آیا یہ بھی درست ہے کہ سال 2014 میں پولیس ASI ان سروس گریجویٹ کنسٹیبل اور ہیڈ کنسٹیبل 19 فیصد کوٹہ کے تحت کل 324 آسامیاں مشتہر ہوئی تھیں جس میں سے 16 آسامیاں بھر گئیں اور 308 خالی رہ گئیں، وہ خالی آسامیاں کیوں دوبارہ مشتہر نہیں ہوئیں؟

(ھ) اگر (الف) تا (د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) پولیس ایکٹ 2017 کی دفعہ نمبر 32 کے مطابق پورا کوٹہ کیوں نہیں دیا گیا، تفصیل کے ساتھ وجوہات بیان کی جائیں۔

(ii) فاسٹ ٹریک پروموشن اے ایس آئی کوٹہ کی تفصیل سال 2019 فراہم کی جائے۔

(iii) گریجویٹ کانسٹیبلان / ہیڈ کانسٹیبلان پبلک سروس کمیشن کوالیفائڈ حاضر سروس اہلکاران / امیدواران وغیرہ جن کی تعداد تقریباً 150 بنتی ہیں ویٹنگ لسٹ کی پروموشن نہ ہونے کی وجوہات بیان کی جائیں۔

(iv) محکمہ پبلک سروس کمیشن کے ذریعے فاسٹ ٹریک پروموشن اے ایس آئی کا نیا اشتہار جاری کرنے جارہا ہے جس سے قبل کوالیفائڈ کمیشن امیدواران کو پروموٹ نہ کرنے کی وجوہات بیان کرے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:57 AM - Mon
**Question # 281** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2024 - Tue
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پولیس کے بہادر جوان دوران ڈیوٹی شہید ہو جاتے ہیں ان کے ورثاء کو شہدا پیکج دیا جاتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو پولیس شہدا پیکج کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:58 AM - Mon
**Question # 280** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2024 - Tue
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا پولیس ایکٹ 2017 کی سیکشن 66 کے تحت صوبے کے تمام ریجن میں ریجنل پولیس کمپلینٹ اتھارٹیز کا قیام عمل میں لایا گیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سات ریجن کی کمپلینٹ اتھارٹی کے ممبران کی تعداد، نام، تعلیمی قابلیت، ڈومیسائل اور تجربے کی تفصیل فراہم کی جائے۔ نیز ایک سال میں مذکورہ اتھارٹی کو کتنے کیس موصول ہوئے اور کتنے کیسوں پر کارروائی عمل میں لائی گئی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 10:59 AM - Mon
**Question # 294** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2024 - Tue
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ رسم "سورہ" کے روک تھام کیلئے اسمبلی نے ایک قرارداد متفقہ طور پر منظور کی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمہ قانون نے اس ضمن میں اب تک کیا اقدامات اٹھائے ہیں تفصیل فراہم کی جائے اور اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائیں۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 11:15 AM - Mon
**Question # 242** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 - Tue
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ پولیس میں صوبے کی خواتین کیلئے کانسٹیبل، اے ایس آئی، ایس آئی اور ڈی ایس پی کی پوسٹیں موجود ہیں؟

(ب) صوبے میں مذکورہ کتنی پوسٹیں خالی ہیں، خالی رہنے کی وجوہات کیا ہیں نیز محکمہ نے ان پر تعیناتی کرنے کیلئے کیا اقدامات اُٹھائیں ہیں۔

(ج) پولیس کانسٹیبلان کی ترقی کیلئے امتحانات (اے ون، بی ون) میں اب تک کتنی پولیس خواتین نے شمولیت کی ہے؟ کیا پولیس کی پالیسی میں خواتین کیلئے نمبرات میں ریلیف ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 11:17 AM - Mon
**Question # 226سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ ضلع لوئر کوہستان میں دوعدد پولیس سٹیشن (تھانہ جات) موجود ہیں؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ پولیس سٹیشنز میں عملہ بھی تعینات ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ پولیس سٹیشنز میں تعینات عملہ کی تفصیل فراہم کی جائے نیز مزید کتنا عملہ ضلع کیلئے درکار ہے اور یہ کمی کب تک پوری کی جائیگی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 11:18 AM - Mon
**Question # 227سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ ضلع لوئر کوہستان میں صرف دو پولیس سٹیشن (تھانہ جات) ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کیا دو پولیس سٹیشن پورے ضلع کیلئے کافی ہیں یا مزید پولیس سٹیشن بنانے کی ضرورت ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 03, 2024 -- 12:30 PM - Wed
**Question # 332سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 22, 2024 - Mon
**جناب ارباب زرک خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بہبود آبادی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ تمام فلاحی مراکز میں ڈیوٹی دینے والے فیلڈ سٹاف کے فیملی ویلفیئر اسسٹنٹ مرد و خواتین کو 23 اپریل 1995 سے محکمہ فیلڈ الاؤنس کی مد میں ٹی اے / ڈی اے دیتا رہا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) محکمہ نے مذکورہ ملازمین کو 23 اپریل 1995 میں کتنا ٹی اے / ڈی اے دیتا تھا اور موجودہ دور میں کتنا ٹی اے / ڈی اے دے رہا ہے؟

(ii) اگر 28 سال گزرنے کے باوجود بھی ٹی اے / ڈی اے میں کوئی اضافہ نہیں ہوا تو حکومت مذکورہ ٹی اے / ڈی اے بڑھانے کیلئے کیا اقدامات اٹھائے ہیں؟

(ii) کیا فیلڈ سٹاف کو ریسک الاؤنس کی مد میں بھی کوئی الاؤنس ملتا ہے یا نہیں تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 79واں گروپ

نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 20 جنوری 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Aug 19, 2024 -- 02:46 PM - Mon
**Question # 433** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 10, 2024 - Tue
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صنعت وحرفت ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں چھوٹے اور بڑے صنعتی زونز موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبے میں کتنے چھوٹے اور بڑے صنعتی یونٹس ہیں؟ ہر صنعتی یونٹ کا ضلع وائز تفصیل فراہم کریں نیز کتنے چھوٹے اور بڑے صنعتی یونٹ بند ہیں اور حکومت ان یونٹس کو چالو کرنے کیلئے کیا اقدامات اٹھا رہی ہے؟

**Notice Date :** Aug 30, 2024 -- 11:00 AM - Fri
**Question # 446** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 10, 2024 - Tue
**جناب اکرام اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر جنگلات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہزارہ سول ڈویژن کے اندر نامزد جنگلاتی اراضی کو لیز پر دیا گیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) 2013 سے آج تک لیز پر دی گئی زمین کی (کنالوں میں) تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) ہزارہ ڈویژن کے جن جن کی زمین لیز پر دی گئی اس کی تفصیل ضلع، تحصیل، محلہ اور موضع وائز فراہم کی جائے۔

(iii) کیا لیز پر دی دیئے گئے جنگلات کی زمین پر دوبارہ محفوظ جنگلات، گوزارہ جنگل اور محفوظ بنجر زمینوں میں تقسیم نہیں کیا جاسکتا۔

(iv) مذکورہ زمین جن مقاصد کے لیے لیز پر دی گئی ہے (جیسے کان کنی یا ہوٹلنگ، فلاح و بہبود، تحقیق، یا کسی اور مقصد کے لیے) ان کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 30, 2024 -- 04:35 PM - Mon
**Question # 496** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 14, 2024 - Mon
**جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صنعت وحرفت ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لکی مروت کی لکی سیمنٹ فیکٹری، کوہاٹ سیمنٹ فیکٹری کی طرح Corporate social responsibility فنڈ ڈپٹی کمیشنر کے اکاؤنٹ میں جمع کرتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو لکی سیمنٹ فیکٹری نے اپنے قیام سے اب تک کل کتنا کارپوریٹ سوشل ریسپونسیبلٹی (CSR) فنڈ جمع کیا ہے؟ اور یہ فنڈ کہاں، کس طرح اور کس کے ہاتھ سے خرچ کیا گیا ہے؟ نیز اگر کوئی فنڈ جمع نہیں کیا گیا تو اس کی وجوہات بتائی جائے؟

**Notice Date :** Oct 07, 2024 -- 03:37 PM – Mon
**Question # 503** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 14, 2024 - Mon
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر معدنیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف) حکومت کی ایبٹ آباد میں معدنی ذخائر کو بروئے کار لانے کیلئے کیا حکمت عملی ہے؟ نیز مقامی آبادی کے حقوق مثلاً رائیلٹی، اپروچ روڈز، روزگار اور زمینی معاوضے کا کتنا خیال رکھا گیا ہے۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 09, 2024 -- 03:00 PM - Wed
**سوال نمبرQuestion # 495**
**Sent to Dept Date:** Oct 14, 2024 - Mon
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر لیبر ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سوشل سکیورٹی فنڈ تمام پیداواری سرگرمیوں بمعہ انڈسٹری خدمات پر 3 فیصد ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) گزشتہ 5 سالوں کے دوران کتنا سوشل سکیورٹی فنڈ جمع کیا گیا ہے ؟

(ii) مذکورہ فنڈ کہاں کہاں اور کس مد میں خرچ کیا گیا ہے تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Oct 11, 2024 -- 02:30 PM - Fri
**سوال نمبرQuestion # 525**
**Sent to Dept Date:** Oct 21, 2024 - Mon
**جناب داؤد شاہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مال ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) جرما کے اراضی سے متعلق صوبائی اسمبلی سے متفقہ طور پر پاس شدہ قرارداد نمبر 42 پر ابھی تک عمل درآمد کیوں نہیں ہوا؟ اسکی وجوہات کیا ہیں؟

(ب) نیز جرما کوہاٹ کے زمینوں کے مالکانہ حقوق کب تک عوام کو منتقل کئے جائیں گے ؟ اسکی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 21, 2024 -- 04:30 PM - Mon
**سوال نمبرQuestion # 530**
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2024 - Tue
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع آیبٹ اباد میں جپسم کے بہت سے کارخانے ہیں جن سے آیبٹ اباد کے ماحول پر انتہائی مضر اثرات مرتب ہورہے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ کارخانوں کو چلانے کے لیے این او سی کس نے جاری کی ہے ؟ تمام کارخانوں کو جاری کی گئی این او سی کی کاپیاں فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Oct 24, 2024 -- 04:31 PM - Thu
**سوال نمبرQuestion # 545**
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2024 - Tue
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر آبکاری، محاصل اور انسداد منشیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ ہذا نے گذشتہ تین سالوں میں کتنی گاڑیاں رجسٹر کی ہیں اور اس ضمن میں کتنی فیس وصول کی گئی ہے ؟ اس کی تفصیل ضلع وار فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 80واں گروپ

## نشان زدہ سوالات(Starred Questions)

جو کہ 21 جنوری 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 09:52 AM - Mon
**Question # 307**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2024 - Tue
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر سماجی بہبود از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ معذور افراد کو آلات مہیا کرتا ہے؟

(ب) محکمہ نے معذور طبقے کو Main Stream سوسائٹی میں لانے کے لیے کیا اقدامات کئے ہیں؟

(ج) آیا حکومت، پرائیویٹ سوشل ویلفئیر کے ساتھ کوئی Working Relationship بنانے کا ارادہ رکھتی ہے تاکہ غربت کا خاتمہ ہو۔

**Notice Date :** Sep 20, 2024 -- 10:49 AM - Fri
**Question # 520**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 14, 2024 - Mon
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر محکمہ انتظامیہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ انتظامیہ کے زیر نگرانی سول کوارٹرز میں سرکاری افسران واہلکاروں کیلئے گھر اور فلیٹ موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) ٹائپ ایف (F) اور جی (G) میں کل کتنے فلیٹس ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) ٹائپ ایف اور جی فلیٹوں میں رہائشی اور الاٹ شدہ ملازمین کے نام، عہدہ، محکمہ، بنیادی سکیل، اور تاریخ پیدائش و ریٹائرمنٹ سمیت مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Oct 22, 2024 -- 10:00 AM – Tue
**Question # 536**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2024 - Tue
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر آبپاشی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں واقع گومل زام پراجیکٹ موجود ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) اس پراجیکٹ سے نہری نظام کے ذریعے پانی کی ترسیل کس طریقہ کار کے تحت بنائی گئی ہے؟

(ii) گومل زام سے منسلکہ علاقوں کیلئے موگہ جات کی درجہ بندی کس طریقہ کار کے تحت بنائی گئی ہے اور آیا مذکورہ پراجیکٹ کے ذریعے پانی کی ترسیل فعال ہے یا نہیں مکمل تفصیل مع دستاویزات فراہم کی جائے۔

(iii) کیا 2022 کے سیلاب سے متاثرہ گومل زام نہر اور اس سے نکلنے والی چھوٹی نہر وغیرہ اور موگہ جات کی مرمت کی گئی ہیں؟ اس کے علاوہ R Funds&M سے اس نہر کیلئے سالانہ کتنی رقم رکھی گئی ہے اور وہ رقم ریلز ہوئی ہے یا نہیں؟

**Notice Date :** Oct 24, 2024 -- 10:00 AM - Thu
**Question # 539**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2024 - Tue
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر امداد، بحالی و آبادکاری از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا کے پاس محکمہ صحت کی ایمبولینس (گاڑیاں) اور ان پر ڈرائیور بھی کام کر رہے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) محکمہ ہذا کے ساتھ محکمہ صحت کے جتنے بھی ملازمین / گاڑیاں موجود ہیں۔ ان کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) نیز محکمہ کے پاس کونسی آسامیوں کیلئے رقم / فنڈ نہیں ہے؟ اور مذکورہ ملازمین کو تنخواہیں کس محکمہ سے کس طریقہ کار کے تحت مل رہی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 24, 2024 -- 04:20 PM – Thu
**Question # 549سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2024 - Tue
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ایک منظور شدہ آسامی پر ریٹائر منٹ کے بعد محکمہ خزانہ سے اسی آسامی پر دوبارہ بھرتی کے لئے منظوری (Sanction or NOC) لینا پڑتی ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب میں اثبات میں ہو تو محکمہ خزانہ بار بار ایک منظور شدہ آسامی کی منظوری کیوں اور کس قانون کے تحت لیتی ہے۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 24, 2024 -- 04:32 PM - Thu
**Question # 547سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2024 - Tue
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیادرست ہے کہ بینک آف خیبر کا اپنا قانونی ماہرین کا شعبہ موجود ہوتا ہے جو بینک کے قانونی مسائل اور عدالتی مقدمات کی پیروی کرتے ہیں

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) بینک کے قانونی شعبوں میں خدمات سرانجام دینے والے ماہرین اور افسران کے نام، ان کی تنخواہوں اور انہیں حاصل مراعات کی مکمل تفصیل فراہم کی جائیں؟

(ii) بینک آف خیبر کی طرف سے گزشتہ تین سالوں میں اب تک کل کتنے قانونی مقدمات لڑے گئے ہیں اور کتنے مقدمات میں کامیابی حاصل ہوئی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 24, 2024 -- 04:35 PM - Thu
**Question # 546سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2024 - Tue
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ بینک آف خیبر میں وائس پریزیڈنٹ اور اس سے اوپر کے عہدوں پر کام کرنے والے عہدیداران تعینات ہیں، اور ان عہدوں کے لئے مطلوبہ قابلیت کی ضرورت ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہے، تو:

(i) بینک آف خیبر میں وائس پریزیڈنٹ اور اس سے اوپر کے عہدوں پر کتنے افسران تعینات ہیں؟ براہ کرم ان کے نام، شناختی کارڈ نمبر، عہدہ، تعلیمی قابلیت اور آڈٹ و اکاؤنٹنگ کے حوالے سے ان کی کوالیفیکیشن کی تفصیلات بمع ثبوت فراہم کریں۔

(ii) کیا ان اہم عہدوں پر فائز افسران کی رجسٹریشن انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان کے ساتھ ہوئی ہے؟ اگر نہیں، تو براہ کرم اس کی تفصیلات اور وجوہات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Oct 24, 2024 -- 04:42 PM – Thu
**Question # 548سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2024 - Tue
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر انتظامیہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) وفاقی اور صوبائی سروسز آفیسرز کی تعیناتی کس فارمولے اور کس طریقہ کار کے تحت کی جاتی ہے؟

(ب) مذکورہ آفیسرز کی فیلڈ پوسٹنگز کی تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Oct 24, 2024 -- 04:44 PM - Thu
**Question # 550سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Nov 04, 2024 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر انتظامیہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کے زیر انتظام گورنمنٹ ریسٹ ہاؤسز ہیں؟ جن کے لیے بکنگ کی جاتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کل کتنے ریسٹ ہاؤسز اور کون کون سے ہیں اور اس میں اکاموڈیشن کی گنجائش کتنی ہے؟ فی کمرہ اور فی سوٹ عوام اور خواص کے لئے چارجز کتنے کتنے ہیں؟ نیز جنوری اور فروری 2024 میں کہاں اور کتنے فیصد بکنگ ہوئی ہے اور اس سے کتنی رقم موصول ہوئی ہے؟ ریسٹ ہاؤس وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

24

**Notice Date :** Dec 10, 2024 -- 02:20 PM - Tue
**سوال نمبرQuestion # 623**
**Sent to Dept Date:** Dec 24, 2024 - Tue
**جناب مخدوم زادہ محمد آفتاب حیدر صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ڈیرہ اسماعیل خان میں شوگر انڈسٹری سے شوگر سیس وصول کیا جاتا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ شوگر سیس محکمہ خزانے میں جمع ہوتا ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سالانہ شوگر سیس کتنا جمع ہوتا ہے؟ اور یہ شوگر سیس کہاں خرچ ہوتا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 81واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 22 جنوری 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 11:12 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 240**
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 - Tue
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ شہری ودیہی علاقوں میں طلباء وطالبات کی Enrollment کی جاتی ہے اور نااہل اساتذہ کے خلاف کاروائی کی جاتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) گزشتہ 8 سالوں کے دوران تمام بورڈز کے تحت لئے گئے امتحانات کا نتیجہ کتنے فیصد رہا تفصیل بمعہ مارکس وگریڈ وائز فراہم کی جائے۔

(ii) گزشتہ 8 سالوں کے دوران جن نااہل اساتذہ کے خلاف کاروائی کی گئی ہے اسکی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 11:20 AM - Mon
**سوال نمبر Question # 229**
**Sent to Dept Date:** Jun 14, 2024 - Fri
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حلقہ پی کے 32 لوئر کوہستان میں مختلف کیٹگری کے سکول موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) حلقہ پی کے 32 میں موجودہ سکولوں کی تعداد کتنی ہے؟ اور کہاں کہاں پر واقع ہیں؟ کیٹگری وائز یونین کونسل وائز تفصیل فراہم کی جائے

(ii) ہر ایک سکول میں موجود طلباء کی تعداد اور ڈیوٹی پر مامور عملہ کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 11, 2024 -- 11:20 AM – Tue
**سوال نمبر Question # 238**
**Sent to Dept Date:** Jun 25, 2024 - Tue
**جناب ارباب زرک خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2018 تا 2023 کی اے ڈی پیز میں حلقہ پی کے۔80 کے لئے کتنا فنڈ مختص کیا گیا تھا؟ کتنا جاری ہوا تھا اور کتنا خرچ ہوا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو خرچ شدہ فنڈز کن کن سکیموں پر کہاں کہاں خرچ کیا گیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Jun 11, 2024 -- 11:25 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 210**
**Sent to Dept Date:** Jun 13, 2024 - Thu
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ میں آٹے کی قیمتوں کا تعین کرنا صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) سال 2013 سے تاحال آٹے کی قیمتوں کا تعین کس طریقہ کار کے تحت کیا گیا ہے؟ اور آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کی وجوہات کیا ہیں؟

(ii) سال 2013 سے تاحال آٹے کی قیمتوں کی تفصیل بمعہ سرکاری نرخنامہ جات کی کاپیاں فراہم کی جائیں۔

(iii) آٹے کی قیمتوں میں کمی لانے کیلئے حکومت نے کیا اقدامات اور فارمولہ طے کیا ہے؟ مکمل تفصیلات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 11, 2024 -- 11:38 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 279**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2024 - Tue
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

26

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ گزشتہ کئی سالوں سے مفت کتابیں سرکاری سکولوں میں طلباء کو دیتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2024 میں جو پرانی کتب طلباء یعنی پاس طلباء میں تقسیم کی گئی ہیں انکی تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Jun 25, 2024 -- 03:30 PM - Tue
**سوال نمبرQuestion # 309**
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2024 - Wed
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ بنوں میں موجود ہائیر سیکنڈری سکول بنوں ہندوؤں کے زمانے سے موجود ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکول میں ہندوؤں کے زمانے کے نوادرات بھی موجود تھے؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ ہر کلاس روم کے دروازے پر ایک کتبہ لگا ہوا تھا جس پر اُس وقت کے ہندو کا نام درج تھا؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) اس وقت یہ نوادرات کہاں اور کس کے پاس ہیں؟

(ii) سکول میں کلاس رومز پر لگے کتبوں کی تعداد کتنی تھی اور اب کتبے کہاں اور کس کے پاس ہیں مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 25, 2024 -- 03:32 PM - Tue
**سوال نمبرQuestion # 312**
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2024 - Wed
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع بنوں میں ڈی ای او فی میل نے غیر قانونی طور پر بڑے پیمانے پر جبری ریٹائرمنٹ پر اساتذہ کو بھیجا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ جبری ریٹائرمنٹ میں قانونی تقاضے پورے نہیں کئے گئے ہیں؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) کتنی فی میل ٹیچرز کو اور کن وجوہات کی بنا پر جبری ریٹائرمنٹ دی گئی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) دورافتادہ اور مرج ایریا میں پہلے سے فی میل اساتذہ کی کمی ہے پھر اتنے بڑے پیمانے پر فی میل اساتذہ کو کیوں جبری ریٹائرمنٹ دی گئی وجوہات بیان کی جائیں۔

**Notice Date :** Jul 03, 2024 -- 10:45 AM - Wed
**Question # 319 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 22, 2024 - Mon
**Mr Ahmad Kundi, Member Provincial Assembly**
Will the Minister for Higher Education state that:.
(a) It is true that the department enacted laws/acts from time to time related to the department/attached departments and subordinate bodies & authorities?
(b) Whether the latest copies of each of the enacted Acts are available on the official website of the department/subordinate department? If so the details there of, if not the reasons thereof:
(c) Is it the fact that the department or its subordinate departments who were required to frame the rules under the enacted Acts. Despite the passage of years they have not been framed such rules? If so the reasons there of
(d) What steps are being taken to make laws in line with the above Acts at an earliest?
**Notice Date :** Jul 03, 2024 -- 10:46 AM – Wed
**Question # 330 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 22, 2024 - Mon
**Mr Ahmad Kundi, Member Provincial Assembly**
Will the Minister for Food state that:.
(a) It is true that the department enacted laws/acts from time to time related to the department/attached departments and subordinate bodies & authorities?
(b) whether the latest copies of each of the enacted Acts are available on the official website of the department/subordinate department? If so the details there of, if not the reasons thereof:
(c) Is it the fact that the department or its subordinate departments who were required to frame the rules under the enacted Acts. Despite the passage of years they have not been framed such rules? If so the reasons there of:
(d) What steps are being taken to make laws in line with the above Acts at an earliest?

**Notice Date :** Jul 03, 2024 -- 10:56 AM - Wed
**Question # 329 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 22, 2024 - Mon
**Mr Ahmad Kundi, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for Elementary & Secondary Education state that:.
(a) It is true that the department enacted laws/acts from time to time related to the department/attached departments and subordinate bodies & authorities?
(b) Whether the latest copies of each of the enacted Acts are available on the official website of the department/subordinate department? If so the details there of, if not the reasons thereof:
(c) Is it the fact that the department or its subordinate departments who were required to frame the rules under the enacted Acts. Despite the passage of years they have not been framed such rules? If so the reasons there of:
(d) What steps are being taken to make laws in line with the above Acts at an earliest?

**Notice Date :** Jul 10, 2024 -- 10:00 AM - Wed
**Question # 339سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 19, 2024 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر توانائی وبرقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا میں پانی سے پیدا ہونے والے بجلی کے منصوبے (ڈیمز) موجود ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ منصوبوں سے ہزاروں میگاواٹ بجلی پیدا ہوتی ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) سال 2022 سے تاحال تمام منصوبوں سے پیدا ہونے والی بجلی کی میگاواٹ سالانہ پیداوار کی تفصیل الگ الگ فراہم کی جائے۔

(ii) صوبے میں بجلی کی ضرورت کتنی میگاواٹ ہے؟

(iii) صوبے کو کتنی میگاواٹ بجلی نیشنل گریڈ یا مرکز سے ملتی ہے۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 19, 2024 -- 12:30 PM - Fri
**Question # 345سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 22, 2024 - Mon
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ شہید بینظیر بھٹو وویمن یونیورسٹی پشاور میں ٹیچنگ فیکلٹی موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) یونیورسٹی میں کل کتنا ٹیچنگ سٹاف ہیں؟ نام بمعہ عہدہ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) وزیٹنگ پروفیسر / لیکچررز، فلسڈ پے یا کنٹریکٹ پر یونیورسٹی میں کلاسسز لینے والے میل اور فی میل ملازمین کی علیحدہ علیحدہ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 19, 2024 -- 12:31 PM - Fri
**Question # 346سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 22, 2024 - Mon
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) رمضان المبارک سال 2024 کے رمضان پیکج پر کل کتنی رقم کس کس مد میں خرچ ہوئی؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) رمضان پیکج کے تحت غربا اور مساکین میں جو رقم تقسیم ہوئی اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) جن افراد میں رمضان پیکج تقسیم ہوا ان کے نام بمع شناختی کارڈ کاپی اور جتنی رقم دی گئی اس کی تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Jul 19, 2024 -- 12:33 PM - Fri
**Question # 344سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 22, 2024 - Mon
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) فاٹا انضمام کے بعد کل کتنے بیسک ایجوکیشن کمیونٹی سکولز فعال ہیں اور اس میں کل کتنے اساتذہ برسر روزگار ہیں؟

(ب) کیا ان اساتذہ کی تنخواہیں بروقت ادا ہوتی ہیں؟

(ج) کیا ان اساتذہ کی تنخواہیں کم از کم اجرت کے قانون کے مطابق ادا ہوتی ہیں؟

28

(د) کیاان بیسک سکولز میں بنیادی سہولیات میسر ہیں جیسا کہ فرنیچر، کتابیں، سٹیشنری میٹریل وغیرہ؟

(ہ) اگر (الف) تا (د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو ان مسائل کے حل کیلئے محکمہ کے پاس کیالائحہ عمل ہے اور اس پر کب عمل درآمد ہوگا تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 29, 2024 -- 02:21 PM - Mon

**Question # 358سوال نمبر**

**Sent to Dept Date:** Aug 02, 2024 - Fri

**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کیاکوہاٹ یونیورسٹی میں پرووائس چانسلر کے پاس قانونی طور پر یہ اختیار ہے کہ وہ اہم پوسٹوں پر تقرریاں وتعیناتیاں وغیرہ کرے؟

(ب) کیاپرووائس چانسلر تقرریاں وتعیناتیاں سلیکشن بورڈ کے زریعے کرنے کا پابند نہیں ہے اور ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے اپنے ایک مراسلہ نمبر No.So(u-v)|HE|1-1|Gen.Misc|2021 مورخہ 21 مارچ 2024 کے زریعے از خود ایسے فیصلے کرنے سے منع کیا ہے۔

(ج) اگر (الف) و (ب) کا جواب اثبات میں ہو تو کس قانون کے تحت پرووائس چانسلر تقرریاں وتعیناتیاں کر سکتا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 82واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 23 جنوری 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Aug 19, 2024 -- 02:31 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 420**
**Sent to Dept Date:** Sep 09, 2024 - Mon
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا درست ہے کہ تمام اضلاع میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر (AD) محکمہ بلدیات کی نمائندگی کر رہا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اکثر اضلاع میں AD لوکل گورنمنٹ کی آسامیاں خالی ہیں اور جونیئر شخص کو AD کا اضافی چارج دیا گیا ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) کن کن اضلاع میں AD کی آسامی خالی ہے؟ AD کا اضافی چارج کس کو دیا گیا ہے؟ اور کب تک AD کی آسامیوں کو پُر کیا جائے گا۔ ضلع وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 19, 2024 -- 02:40 PM – Mon
**سوال نمبر Question # 436**
**Sent to Dept Date:** Sep 10, 2024 - Tue
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2018 سے 2023 تک ضلع لوئر دیر میں سڑکوں کی تعمیر اور مرمت کا کام کیا گیا جس کیلئے فنڈ بھی منظور ہوا تھا

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) جن سڑکوں پر کام شروع کیا گیا تھا اُن پر کام جاری ہے یا بند؟

(ii) شلکنڈی تاٹا کور روڈ، شلکنڈی تا گودر، کوٹکی پائخیل سے ماخنئے درہ، گوسم پی سی سی روڈ، پی سی سی روڈ چار منگو یوسی سر برکلے، پی سی سی ٹانگے شاہ یوسی معیار، میاں کلی سے کامبٹ بائی پاس غوڑہ بانڈہ جان پاس ثمر باغ لنک روڈ، نو کو ٹو روڈ اور حصارک روڈ تا حال مکمل کیوں نہیں کیا گیا۔

(iii) کیا صوبائی حکومت ان نامکمل سڑکوں کی تعمیر و مرمت کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 04, 2024 -- 10:18 AM - Wed
**سوال نمبر Question # 455**
**Sent to Dept Date:** Sep 10, 2024 - Tue
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر آبنوشی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ تحصیل ہری پور کے اکثر ٹیوب ویلز پر وال مین اور آپریٹرز کی آسامیاں خالی پڑی ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ متعدد ٹیوب ویلز پر ایکسین اور ایس ڈی او آفس کے اہلکاروں کی ملی بھگت سے وال مینز اور آپریٹرز نے اپنی جگہ پر کم پیسوں پر پرائیویٹ لوگوں کو رکھا ہوا ہے؟ اور وہ خود دوسرے کام کر رہے ہیں؟ جس کی وجہ سے وہاں کے مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان پرائیویٹ وال مینوں اور آپریٹرز کی عدم توجہ کی وجہ سے جگہ جگہ وال خراب ہیں پانی کے لائنیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکی ہیں؟

(د) اگر (الف) و (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) کن کن گاؤں کے ٹیوب ویلز پر سرکاری اہکاروں کی جگہ پرائیویٹ لوگ کام کر رہے ہیں؟ اور جو سرکاری ملازم خود اپنی ڈیوٹی نہیں دے رہا اس کے خلاف کیوں تادیبی کاروائی نہیں کی جا رہی؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) کن کن ٹیوب ویلز پر وال مین اور آپریٹرز کی آسامیاں خالی ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 11, 2024 -- 10:05 AM - Wed
**Question # 465سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Oct 01, 2024 - Tue
**جناب ملک عدیل اقبال صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرآبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ اے ڈی پی سال 19-2018، 20-2019 اور 21-2020 میں صوبے کی واٹر سپلائی اور سینی ٹیشن کی سکیموں کی تعمیر و بحالی کے لئے رقم مختص کی گئی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ سکیموں میں سے پی کے 48 ضلع ہری پور کے لیے کتنی سکیموں پر کام ہوا، ہر سکیم کی نوعیت، مقام کی تفصیل علیحدہ سال وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 11, 2024 -- 10:10 AM - Wed
**Question # 467سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Oct 01, 2024 - Tue
**جناب ملک عدیل اقبال صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ 2018 سے 2023 تک پی کے 48 کے لیے رورل روڈز کی مد میں رقم فراہم کی گئی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2018 سے تاحال کتنی رقم فراہم اور کتنی خرچ کی گئی ہے روڈز کے نام یونین کونسل وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 11, 2024 -- 10:17 AM - Wed
**Question # 472سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Sep 30, 2024 - Mon
**جناب ملک عدیل اقبال صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ نے ضلع ہری پور میں سال 2014 سے 2023 کے دوران مختلف آسامیوں پر بھرتیاں کی ہیں؟ مذکورہ بھرتیوں میں میرٹ کی خلاف ورزی بھی ہوئی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ عرصہ کے دوران ضلع ہری پور میں جن جن مختلف آسامیوں پر بھرتیاں ہوئی ہیں بھرتی شدہ افراد کے نام، پتہ، ٹیسٹ انٹرویو کے نمبروں کی لسٹ این ٹی ایس ٹیسٹ کے حاصل کردہ نمبروں کی لسٹ اور جملہ کوائف کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 11, 2024 -- 06:06 PM – Wed
**Question # 480سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Oct 02, 2024 - Wed
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرآبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ 2018 سے 2024 ستمبر تک محکمہ میں بھرتیاں ہوئی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) آیا ان بھرتیوں میں اقلیتوں، خواتین اور معذوروں کے لیے کوٹہ موجود تھا؟ اگر کوٹہ موجود تھا تو کتنا تھا اور اس پر پوری طرح عمل درآمد ہوا ہے یا نہیں اور کتنی سیٹیں تاحال خالی ہیں؟

(ii) مذکورہ عرصہ کے دوران تمام بھرتی شدہ افراد کی لسٹیں بمعہ نام، عہدہ اور پتہ فراہم کی جائیں۔ نیز اقلیت، خواتین اور معذور جو کوٹے پر بھرتی ہوئے ہیں۔ ان کی الگ الگ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 20, 2024 -- 10:44 AM - Fri
**Question # 500سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Oct 14, 2024 - Mon
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2008 سے لیکر جون 2024 تک دیر بالا میں نئی سڑکوں کی تعمیر اور پہلے سے موجودہ سڑکوں کی مرمت کا کام کیا گیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کاردورہ میں کتنی نئی سڑکوں کی تعمیر اور کتنی پرانی سڑکوں کی مرمت کی گئی ہیں۔ سال وائز تفصیل فراہم کی جائے۔ نیز مذکورہ تمام مکمل اور مرمت شدہ سڑکوں کے نام بمعہ اخراجات کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 20, 2024 -- 10:45 AM - Fri
**Question # 498سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Oct 14, 2024 - Mon
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 2010 سے 2024 تک ضلع دیر بالا میں سیلاب سے تباہ شدہ پلوں اور روڈز کی دوبارہ مرمت کیلئے فنڈز ریلز کیا تھا؟

(ب) آیا بھی درست ہے کہ محکمہ نے دیر بالا میں سیلاب سے تباہ شدہ پلوں کی بحالی کا کام شروع کیا تھا؟

(ج) آیا بھی درست ہے کہ ان میں سے کچھ پلوں اور سڑکوں پر کام جاری ہوا تھا۔ جبکہ بعض پلوں پر کام شروع کر کے ادھورا چھوڑ دیا گیا ہے؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہو تو:-

(i) جن پلوں پر کام ادھورا چھوڑ دیا گیا کو کب تک مکمل کیا جائے گا۔ جن پلوں پر کام شروع نہیں کیا گیا ہے ان پر کام کب تک شروع کیا جائے گا

(ii) مذکورہ سڑکوں اور پلوں کی تعمیر میں سست روی کی وجوہات کیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 16, 2024 -- 02:40 PM - Wed
**Question # 528سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Oct 22, 2024 - Tue
**محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ حکومت نے بجٹ میں تحصیل ٹوپی کے لئے پینے کے صاف پانی کے منصوبے منظور کیے تھے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ منصوبوں کی تعداد کتنی تھی ان پر کل کتنا فنڈ خرچ کیا گیا ہے نیز مکمل شدہ اور نامکمل منصوبوں کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 21, 2024 -- 05:50 PM - Mon
**Question # 541سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2024 - Tue
**جناب افتخار علی مشوانی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ٹی ایم اے مردان کو 2015 سے لیکر 2024 تک مختلف ترقیاتی سکیموں کیلئے فنڈز مہیا کی گئی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ٹی ایم اے مردان کو 2015 سے 2024 تک کتنا فنڈز فراہم کیا گیا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

نیز مذکورہ فنڈز سے کتنے سکیمیں اب تک مکمل کئے گئے ہیں اور کتنے نامکمل ہیں مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 21, 2024 -- 05:51 PM - Mon
**Question # 534سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2024 - Tue
**جناب افتخار علی مشوانی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 2013 سے لیکر 2024 تک ضلع مردان میں مختلف ہاؤسنگ سکیموں، ہاؤسنگ سوسائٹیز اور ٹاؤن شپ کو این او سی دی گئی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو 2013 سے 2024 تک کن کن ہاؤسنگ سکیموں، ہاؤسنگ سوسائٹی اور ٹاؤن شپ کو این او سی جاری کیے گیے ہیں ان کی تفصیل فراہم کی جائے۔

نیز مذکورہ ہاؤسنگ سکیموں کو کنس قواعد وضوابط کے تحت این او سی جاری کئے گئے ہیں۔ ان کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Oct 22, 2024 -- 05:17 PM - Tue
**Question # 537**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2024 - Tue
**جناب افتخار علی مشوانی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ مردان میں پبلک ٹرانسپورٹ کے سرکاری اور نجی اڈے موجود ہیں؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ سرکاری اڈے اور نجی اڈوں کے قیام کے لیے قواعد وضوابط موجود ہیں؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو:

(i) سرکاری اڈوں کی تعداد کتنی ہے اور کہاں کہاں پر واقع ہیں مذکورہ اڈے کتنے رقبے پر محیط ہے تفصیل فراہم کریں

(ii) نجی اڈوں کی تعداد کتنی ہے کہاں کہاں پر واقع ہیں اور کس قانون کے تحت قائم کئے گئے ہیں مکمل تفصیل فراہم کرے

(iii) ان ٹرانسپورٹ اڈوں کو شہری حدود سے باہر لے جانے کا حکومت کا کوئی پروگرام ہے؟

Notice Date : Oct 22, 2024 -- 05:18 PM - Tue
**Question # 542**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 29, 2024 - Tue
**جناب افتخار علی مشوانی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ مردان میں رجسٹرڈ اور غیر رجسٹرڈ سبزی منڈیاں موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مردان میں رجسٹرڈ سبزی منڈیاں اور غیر رجسٹرڈ سبزی منڈیاں کہاں کہاں پر واقع ہیں؟

ان میں سے سٹی کے اندر موجود سبزی منڈیوں کو حکومت شہری حدود سے باہر منتقل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

Notice Date : Dec 17, 2024 -- 02:50 PM - Tue
**Question # 616**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 30, 2024 - Mon
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ پشاور رنگ روڈ کی تعمیر کا کام سال 2010-2008 کے دوران شروع ہوا تھا؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ اتنا عرصہ گزر جانے کے باوجود بھی 8.5 کلومیٹر روڈ کی تعمیر باقی ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت کب تک اس روڈ کو مکمل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟ اور کس وجہ سے اس منصوبے میں اتنی تاخیر ہوئی ہے، نیز اس پر کام کیوں رکا ہوا ہے؟ تفصیل فراہم کریں۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 83واں گروپ

## نشان زدہ سوالات(Starred Questions)

جو کہ 24 جنوری 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کیئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 10, 2024 -- 11:22 AM - Mon
**Question # 218**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 13, 2024 - Thu
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حلقہ PK-32 لوئر کوہستان میں مختلف قسم کے BHUs اور RHCs کے ساتھ ایک THQ ہسپتال بھی موجود ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) مذکورہ BHUs اور RHCs میں کتنے فعال اور غیر فعال ہیں؟ غیر فعال کی وجوہات بتائی جائیں۔

(ii) مذکورہ THQ ہسپتال پٹن میں کون کونسا عملہ تعینات ہے اور اہل علاقہ کو کیا کیا سہولیات دی جارہی ہیں؟

(iii) آیا THQ ہسپتال دونوں تحصیلوں کے لئے کافی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 11, 2024 -- 11:23 AM - Tue
**Question # 208**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jun 13, 2024 - Thu
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت کی طرف سے صوبے کی عوام کو صحت کارڈ کے ذریعے علاج معالجے کی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ صحت کارڈ کے تحت کون کونسی بیماریوں کا علاج / آپریشن کس طریقے کار کے تحت کیا جارہا ہے۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 11, 2024 -- 11:34 AM - Tue
**Question # 306**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2024 - Tue
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ایل آر ایچ ہسپتال پشاور میں سرکاری ملازمین کے طبی ٹسٹ مفت ہوتے تھے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ سرکاری ملازمین سے موجودہ حکومت نے مفت طبی ٹسٹ کی سہولت واپس لی ہے؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت مفت طبی ٹسٹ بند کرنے کی وجوہات بتائے نیز حکومت کب تک سرکاری ملازمین کو مذکورہ سہولیات فراہم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Jun 11, 2024 -- 11:35 AM - Tue
**Question # 303**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2024 - Tue
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حیات آباد برن یونٹ (ہسپتال) میں میڈیسن کی کمی کی وجہ سے مریض اپنے جیب سے تقریباً ایک ہزار سے لیکر 20 ہزار یومیہ ادا کرتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت مذکورہ ہسپتال کو کب تک ادویات فراہم کرے گی تاکہ غریب مریضوں کو مفت میڈیسن فراہم کی جائے تفصیل مہیا کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 11, 2024 -- 11:36 AM - Tue
**سوال نمبرQuestion # 297**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2024 - Tue
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ صوبے بھر کے ہسپتالوں میں اور بلخصوص پشاور کے ہسپتالوں میں مریضوں کے لئے گذشتہ حکومت سے لیکراب تک سرکاری ادویات موجود نہیں ہیں؟

(ب) اگر (الف)کا جواب اثبات میں ہو تو پشاور کے ہسپتالوں کو مذکورہ ادویات کب تک فراہم کی جائیں گی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 11, 2024 -- 11:37 AM - Tue
**سوال نمبرQuestion # 304**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2024 - Tue
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ خیبر انسٹیٹیوٹ فار چلڈرن ہسپتال کا بلڈنگ پچھلے 10 سال سے مکمل ہے؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ہسپتال کو اب تک آپریشنل نہیں کیا گیا؟

(ج)اگر (الف)اور (ب)کے جوابات اثبات میں ہو تو مذکورہ ہسپتال کب تک آپریشنل کیا جائے گا اور کن وجوہات کے بنا پر تاخیر کا شکار ہوا مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 13, 2024 -- 03:31 PM - Thu
**سوال نمبرQuestion # 269**
**Sent to Dept Date:** Jun 24, 2024 - Mon
**جناب محمد یامین صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر عملہ (اسٹیبلیشمنٹ)ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ھے کہ اٹھارویں ترمیم کے بعد بھی صوبہ خیبر پختونخوامیں چیف سیکرٹری کی تعیناتی وفاقی حکومت کے ذمے ہے؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ وفاقی آفیسرز (PAS) کا محاسبہ اور مواخذہ صوبائی حکومت اور وزیر اعلیٰ نہیں کر سکتا؟

اگر (الف)و(ب)کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i)کیا خیبر پختونخوامیں سینئر ترین اور قابل ترین آفیسرز موجود ہونے کے باوجود وفاقی حکومت کی طرف سے صوبائی افسر کو چیف سیکرٹری تعیناتی نہ کرنا انکے ساتھ زیادتی اور حق تلفی نہیں ہے؟

(ii) چیف سیکرٹری کی تعیناتی کے حوالے سے قانون اور رولز کے مطابق وزیر اعلی یا وزیر اعظم کے اختیارات کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 13, 2024 -- 03:33 PM - Thu
**سوال نمبرQuestion # 305**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2024 - Tue
**جناب عبید الرحمان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ تیمر گرہ میڈیکل کالج میں درس وتدریس کا عمل شروع ہو چکا ہے؟

(ب)اگر (الف)کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i)تیمر گرہ میڈیکل کالج میں زیر تعلیم طلباء وطالبات کی کل تعداد کتنی ہے؟زیر تعلیم طلباء وطالبات کے نام بمعہ پوسٹل ایڈریس مہیا کئے جائیں

(ii)تیمر گرہ میڈیکل کالج میں کل کتنا عملہ ڈیوٹی سرانجام دے رہا ہے؟

(iii)تنخواہ لینے والے تدریسی وغیر تدریسی عملے کا نام، عہدہ، سکیل اور شناختی کارڈ نمبر بمعہ مکمل ایڈریس فراہم کئے جائیں۔

**Notice Date :** Jun 25, 2024 -- 03:31 PM - Tue
**Question # 308سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2024 - Wed
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع بنوں میں خود کش دھماکے ہوتے رہتے ہیں؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) سال 2008 سے آج تک کتنے دھماکے ہوئے ہیں اور خاص کر بنوں میں کتنے دھماکے ہوئے ہیں شہید افراد میں سے کتنے شہیدوں کو شہید پیکج ملا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) سال 2013 میں بنوں جانی خیل دھماکے میں کتنے افراد شہید ہوئے ہیں کیا مذکورہ واقعہ میں پولیس ایف آئی آر درج ہو چکی ہے اگر ایف آئی آر درج ہوئی ہے تو انوسٹی گیشن اور ایف آئی آر پر کارروائی کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 25, 2024 -- 04:00 PM - Tue
**Question # 310سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2024 - Wed
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف اضلاع میں پولیس چوکیاں پولیس سٹیشنز میں تبدیل ہوتی ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ خاص کر ضلع بنوں سب ڈویژن وزیر میں پولیس چوکی پولیس سٹیشن میں تبدیل ہوئی ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ پولیس سٹیشنوں کو زمین کون دیتا ہے؟ اور اُن کو پیسے کہاں سے ملتے ہیں؟ اور کس کو ملتے ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 25, 2024 -- 04:01 PM - Tue
**Question # 311سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2024 - Wed
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) خیبر پختونخوا میں پولیس کانسٹیبل کی تنخواہ کتنی ہے اور اُس کا سکیل کتنا ہوتا ہے؟

(ب) پولیس کانسٹیبل کی اپ گریڈیشن کس طرح ہوتی ہے اور اُس میں کتنا وقت لگتا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 26, 2024 -- 01:00 PM - Wed
**Question # 316سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 22, 2024 - Mon
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر سیاحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا حکومت کا سیاحتی مقامات پر Winter Sports Ski Resorts کی سہولیات کی فراہمی اور سڑکوں کو تعمیر کرنے کا کوئی پروگرام ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 26, 2024 -- 01:03 PM - Wed
**Question # 317سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 22, 2024 - Mon
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر سیاحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا کے سیاحتی مقامات میں سیاحوں سے ہوٹل مالکان ایک دن کی کمرے کا کرایہ تقریبا 50 ہزار روپے تک وصول کرتے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) سیاحتی مقامات پر ہوٹل کرایہ سے متعلق حکومت کا چیک اینڈ بیلنس کا کوئی طریقہ کار موجود ہے؟

(ii) سیاحتی مقامات پر ہوٹلوں کا کم از کم کرایہ فی کمرہ یومیہ کتنا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 26, 2024 -- 01:05 PM – Wed
**Question # 334سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 22, 2024 - Mon
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر سیاحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں کہ

(الف) خیبر پختونخوا کے سیاحتی مقامات ناران اور کاغان میں سیاحوں کے تحفظ اور صحت سے متعلق حکومت نے کیا سہولیات فراہم کیں ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

36

**Notice Date :** Jun 26, 2024 -- 01:06 PM - Wed
**Question # 313سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2024 - Tue
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کے زیر نگرانی ادویات کی جانچ پڑتال کیلئے Drug Regulatory Authority کا قیام عمل میں لایا گیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو پشاور سمیت صوبے کے تمام چھوٹے بڑے شہروں میں جعلی ادویات فروخت ہو رہی ہیں اور بعض ادویات کو اصل قیمت سے زیادہ میں فروخت کیا جارہا ہے جعلی ادویات کی روک تھام کیلئے محکمہ نے کیااقدامات کیے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

پانچویں اجلاس کا 84واں گروپ

## نشان زدہ سوالات(Starred Questions)

جو کہ 27جنوری2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Oct 24, 2024 -- 04:38 PM - Thu
**Question # 551**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Nov 04, 2024 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر آبکاری محاصل وانسداد منشیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ایکسائز کے پاس جن گاڑیوں کی رجسٹریشن کے لئے درخواستیں دی جاتی ہیں ان گاڑیوں کے کاغذات کی ویری فیکیشن کسٹم اتھارٹی سے کیئے جاتے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) مذکورہ ویری فیکیشن کا طریقہ کار کیا ہے؟ گزشتہ 2 سالوں میں کتنی گاڑیوں کی ویری فیکیشن، جسٹریشن اور خط وکتابت ہوئی ہے؟

**Notice Date :** Oct 31, 2024 -- 12:20 PM - Thu
**Question # 559**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Nov 04, 2024 - Mon
**جناب سردار شاہجہان یوسف صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر معدنیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) نیل بن تحصیل بفہ پکھل اور خصوصاپورے ضلع مانسرہ میں کل کتنی اور کون کونسی مائنز ہیں؟ نیز حکومت کو ان سے کتنی آمدنی ہو رہی ہے؟ اور یہ آمدن کب سے شروع ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Nov 11, 2024 -- 10:15 AM - Mon
**Question # 560**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Nov 15, 2024 - Fri
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر جنگلات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پچھلی حکومت نے سونامی بلین ٹری کے نام سے ایک پراجیکٹ شروع کیا تھا؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس پراجیکٹ کے ذریعے خیبر پختونخوا کی عوام کو مفت پودے ملے تھے؟

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو کتنے لوگوں نے مفت پودے حاصل کرنے کے لیے درخواستیں دی تھیں؟ اور کیا درخواست گزار نے جو تعداد درخواست میں لکھی ہے۔ اس کے متعلق اس کو پودے ملے ہیں۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 20, 2024 -- 12:30 PM - Wed
**Question # 598**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 02, 2024 - Mon
**جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر محکمہ جنگلات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لکی مروت میں بلین ٹری سونامی پراجیکٹ کے تحت پودے لگائے گئے ہیں؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ پودوں کی جگہ، رقبہ اور تعداد اور اس پر خرچ شدہ رقم کی تفصیل فراہم کی جائے؟ نیز اس مد میں کتنا فنڈ جاری کیا گیا اور کتنا فنڈ استعمال میں لایا گیا؟